# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

## Press Release

### وفاقی محتسب نے بچوں اور بزرگ شہریوں کو کاٹنے والے آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا نوٹس لے لیا
### سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے حکام کی غفلت سے شہری متاثر ہو رہے ہیں۔وفاقی محتسب

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر میڈیا رپورٹس نیز شہریوں کی تشویش اور شکایات پر متعلقہ اداروں کی غفلت کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی لاپرواہی کے باعث آوارہ کتوں کی تعداد اور کاٹنے کا معاملہ المناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔انہوں نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلی حکام کو آوارہ کتوں کے سدباب کے لئے اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کو اسلام آباد کے رہائشی علاقوں، پارکوں، ہسپتالوں اور مارکیٹوں میں بچوں اور بزرگ شہریوں کو آوارہ کتوں کے کاٹنے اور تنگ کرنے کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب نے متعلقہ حکام کو اس مسئلے کا فوری حل تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی تھی جس نے متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ متعدد اجلاس منعقد کر کے آوارہ کتوں کے سدباب کے لئے سفارشات تیار کی تھیں جس کے نتیجہ میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو کنٹرول کرنے کے لئے SDPCC کے نام سے اسلام آباد کے قریب ترلائی کے مقام پر ایک ڈاگ سنٹر بنایا گیا تھا اور اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ نے اس حوالے سے ایک پالیسی بھی بنائی تھی مگر اس پر مکمل عملدرآمد نہ ہو سکا۔وفاقی محتسب نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو مذکورہ پالیسی پر مکمل عملدرآمد کرنے پر زور دیا ہے۔یاد رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے این آئی ایچ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کو ہدایت کی تھی کہ وہ اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔وفاقی محتسب میں متعدد سماعتوں کے بعد اس مسئلے پر قابو پا لیا گیا اور اب یہ ویکسین اسلام آباد کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب ہے۔وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد نے وفاقی محتسب کی ہدایت پر حال ہی میں اسلام آباد کے آوارہ کتوں کے سدباب کے حوالے سے ایک جامع اور تفصیلی اسٹڈی رپورٹ تیار کی ہے جس میں اس مسئلے کے تمام پہلوؤں اور قوانین کو پیش نظر رکھتے ہوئے متعدد سفارشات پیش کی گئی ہیں نیز خطے کے دیگر ممالک میں اس کے سدباب کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور طریق کار کا بھی مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد بیماریوں، ماحولیاتی آلودگی اور حادثات کا باعث بن رہی ہے اور آوارہ کتوں سے بالخصوص بچے اور بزرگ شہری بطور خاص متاثر ہو رہے ہیں۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
0333-5333266

25 ستمبر 2025ء